پروگرام برائے یورپی یونین انضمام نو EURP / FRONTEX

# مہاجرین کے لیے ہم آہنگی میں معاونت

## Frontex کی ہم آہنگی کی مشترکہ سروسز کے تحت



اردو ورژن

**ہم آپ کی معاونت کے لیے یہاں موجود ہیں**

European Technology and Training Centre · LIFE · caritas · WELDO · IRARA

## میں اپنے ملک واپسی اور ہم آہنگی کے مشیر سے کیا توقع کر سکتا/سکتی ہوں؟

ملک واپسی کے مشیر کے ساتھ براہ راست مشاورتی سیشنز کے دوران، آپ کو اپنے ملک واپسی کے امکانات اور مدد اور ہم آہنگی میں معاونت کے اختیارات کے بارے میں مفید معلومات حاصل ہوں گی۔ آپ کا مشیر آپ کی مدد کرنے کے لیے تربیت یافتہ ہے اور آپ کے تمام سوالات کا جواب دے سکتا ہے۔ آپ کسی بھی وقت اپنے ملک واپسی اور ہم آہنگی کے مشیر سے پوچھ سکتے ہیں کہ آپ کی درخواست کے سلسلے میں آپ کے کیا حقوق ہیں۔ مشاورتی سیشن کے دوران اگر آپ مشیر جیسی زبان بولنے میں آسانی محسوس نہیں کرتے، تو آپ مترجم کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر آپ ہم آہنگی میں معاونت حاصل کرنے میں دلچسپی ظاہر کرتے ہیں، تو آپ کے مشیر کو آپ کی درخواست پر کارروائی کرنے کے لیے اہم معلومات جمع کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ سے اپنی شناختی دستاویزات، خاندان کے اراکین اور ان کے رابطہ کی ممکنہ تفصیلات اور منزل کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی درخواست کی جائے گی۔ فراہم کردہ معلومات کو ڈیٹا کے تحفظ کے قانونی تقاضوں کے مطابق جمع کیا جائے گا۔ براہ کرم اپنے مشیر کو اپنی کسی خاص ضرورت کے بارے میں مطلع کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہ کریں۔

آپ کی درخواست کے دوران آپ سے ایک فارم پُر کرنے اور Frontex کو اپنے ذاتی ڈیٹا سے نمٹنے کی اجازت دینے کے لیے کہا جائے گا۔ یہ معلومات ہم آہنگی کے شریک کار کی جانب سے آپ کی شناخت کی تصدیق کے لیے درکار ہیں اور انہیں ڈیٹا کے عمومی تحفظ کے ضابطہ کے مطابق، صرف اس مقصد کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

نوٹس

______________________

______________________

______________________

______________________

______________________

______________________

## میں ہم آہنگی کے مشیر (مقامی) سے کیا توقع کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ کے آبائی ملک میں، ہم آہنگی کا مشیر آپ کے معاملہ کو دیکھے گا۔ اگر آپ نے قلیل مدتی معاونت طلب کی ہے، تو شریک کار ائیر پورٹ پر آپ کا خیر مقدم کر سکتا اور انتہائی اہم ضروریات میں آپ کی معاونت کر سکتا ہے۔ اگر آپ نے زیادہ وقت کے لیے معاونت حاصل کرنے کا بھی انتخاب کیا ہے، تو ہمارا ہم آہنگی کا شریک کار آپ کے ساتھ رابطے میں رہے گا، اور آپ کے پاس اپنے سوالات کے جوابات حاصل کرنے کا امکان ہے۔ ہمارے شریک کار کے ساتھ رابطہ کرنے کے لیے آپ کا ہمیشہ خیر مقدم ہے۔ براہ کرم کسی بھی سوال یا شبہ کی صورت میں ہم آہنگی کے شریک کار سے رابطہ کرنے کے لیے متحرک رہیں۔

### ! یہ نوٹ کرنا اہم ہے کہ:

- ہم آہنگی کا شریک کار یا اس کے مقامی شریک کار دفتری اوقات میں آپ کی معاونت کریں گے۔
- ہم آہنگی کے شریک کار یا مقامی شریک کار کے ساتھ بدسلوکی اور/یا خلل انگیز رویہ ناقابل قبول ہے۔
- ہم آہنگی کا شریک کار آپ کو درپیش تمام مسائل حل نہیں کر سکتا؛ وہ پہلے سے متفق شدہ معاونت کی فراہمی تک محدود ہیں۔
- آپ کو درخواست شروع کرنے کے لیے ایک شناختی دستاویز کی ضرورت ہے۔
- آپ کو درخواست کے عمل کو مکمل کرنے کے لیے رضامندی کے فارم پر دستخط کرنے کی ضرورت ہے۔

PRINT / TT-05-23-164-UR-C / ISBN 978-92-9406-392-2 / doi 10.2819/05870
PDF / TT-05-23-164-UR-N / ISBN 978-92-9406-389-2 / doi 10.2819/2717




**براہ کرم اپنے ملک میں ہم آہنگی کے شریک کار سے رابطہ کریں**

تمام معلومات درج ذیل ویب سائٹ پر مل سکتی ہیں ←

FPI-23.0027_UR

## رضاکارانہ واپسی کے کیا فوائد ہیں؟

**ہم سمجھتے ہیں کہ اپنے آبائی ملک میں واپس جانا مشکل ہو سکتا ہے۔ ہم آپ کی معاونت کے لیے یہاں موجود ہیں۔ ہم سفر کی تیاری میں آپ کی مدد کر سکتے اور آپ کے پہنچنے پر آپ کو دستیاب مواقعوں کے بارے میں آگاہ کر سکتے ہیں۔**

اگر آپ نے رضاکارانہ طور پر واپس آنے کا فیصلہ کیا یا رکن ریاست کے قومی اداروں کی طرف سے واپسی کا فیصلہ موصول ہوا ہے، تو آپ اپنے آبائی ملک کے معاشرے سے واپس ہم آہنگ ہونے کے لیے معاونت حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ Frontex، یورپی بارڈر اور کوسٹ گارڈ ایجنسی ہے، جس نے **ہم آہنگی کی مشترکہ سروسز** کے نام سے ایک پروگرام تیار کیا ہے، جو آپ کے آبائی ملک میں سول سوسائٹی کی تنظیموں کی طرف سے فراہم کیا جاتا ہے۔ یہ تنظیمیں ہم آہنگی میں معاونت کی فراہمی میں تجربہ کار ہیں اور آپ کے ملک واپسی کے بعد نیا آغاز کرنے میں آپ کی معاونت کے لیے تیار ہوتی ہیں۔

**واپسی پیچیدہ لگ سکتی ہے۔ یہ بہت سارے سوالات کو جنم دے سکتی اور پریشانی کا باعث بن سکتی ہے۔ جوابات تلاش کرنے میں آپ کی معاونت کرنے کے لیے، خصوصی عملہ جیسا کہ ملک واپسی اور ہم آہنگی کے مشیر آپ کو تفویض ہوں گے۔ آپ کے مستقبل کے لیے صحیح انتخاب کرنے میں آپ کی رہنمائی کرنے کے لیے، وہ آپ کو ملک واپسی اور ہم آہنگی کے قانونی، انتظامی، اور نفسیاتی سماجی پہلوؤں کے بارے میں آگاہ کریں گے۔**

اگر آپ کو خصوصی نگہداشت کی ضرورت ہے، مثال کے طور پر، اگر آپ نابالغ یا حاملہ خاتون ہیں، اگر آپ انسانی بازارکاری کا نشانہ بنے ہیں، یا اگر آپ کو طبی مسائل یا معذوریاں ہیں، یا آپ بچوں کے ساتھ روانہ ہو رہے ہیں، تو براہ کرم اپنے ملک واپسی اور ہم آہنگی کے مشیر کو مطلع کریں۔ مشیر کسی بھی متعلقہ ذاتی طبعی حالت یا صورت حال کو مدنظر رکھنے کو یقینی بنائے گا تاکہ اسے آپ کی ہم آہنگی کی مخصوص قسم کی معاونت کے لیے موافق بنایا جا سکے۔

## کیا میں ہم آہنگی میں معاونت کے لیے اہل ہوں؟

آپ ہم آہنگی میں معاونت حاصل کر سکتے ہیں اگر:

الف. آپ کو ابھی تک قیام، قانونی رہائش یا/اور بین الاقوامی تحفظ (پناہ) کی درخواست پر **انکار سے متعلق کوئی حتمی فیصلہ نہیں ملا**، اور آپ واپسی کا فیصلہ کرتے ہیں۔ اس صورت میں ہم **رضاکارانہ واپسی** کے بارے میں بات کرتے ہیں۔

ب. آپ کو **انکار سے متعلق حتمی فیصلہ**، اور/یا نام نہاد واپسی کا فیصلہ موصول ہوا ہے، جس کے تحت آپ کو مقرر کردہ آخری تاریخ کے اندر رکن ریاست کا علاقہ چھوڑنا ہو گا۔ آپ نے اپنے آبائی ملک میں واپس جانے کا فیصلہ کیا۔ اس صورت میں ہم رضاکارانہ روانگی کے بارے میں بات کرتے ہیں۔ آپ کے رہائشی یورپی ملک کے قومی ادارے آپ کو ہم آہنگی سے متعلق معاونت حاصل کرنے کے امکان اور اس مقررہ وقت کے بارے میں مطلع کریں گے جس کے اندر آپ کو ملک چھوڑنا ہے۔

پ. آپ کو **واپسی کا فیصلہ موصول ہوا ہے**، جیسا کہ ب کے تحت وضاحت کی گئی ہے، اور آپ نے مقرر کردہ آخری تاریخ کے اندر روانگی (رضاکارانہ روانگی) کا انتخاب نہیں کیا۔ اس صورت میں واپسی کا فیصلہ قابل نفاذ ہو جاتا ہے اور آپ زبردستی واپس بھیجنے کے فیصلے کو قبول کرتے ہیں۔

**اگر آپ یورپی یونین کی رکن ریاست کے علاقے میں قیام، قانونی رہائش اور/یا بین الاقوامی تحفظ کے حق سے لطف اندوز ہوتے ہیں، تو آپ ہم آہنگی میں معاونت کے اہل نہیں ہیں۔**

**براہ کرم نوٹ کریں** کہ یورپی یونین کی رکن ریاستیں اس بات کا تعین کرنے کی ذمہ دار ہیں کہ آیا ہم آہنگی کی مشترکہ سروسز کے لیے درخواستیں جمع کراتے وقت، ان کی قومی قانون سازی کے مطابق آپ ہم آہنگی میں معاونت حاصل کرنے کے اہل ہیں یا نہیں۔

## ہم آہنگی میں کس قسم کی معاونت دستیاب ہے؟

ہم آہنگی کی مشترکہ سروسز دو قسم کی معاونت پر مشتمل ہیں:

**قلیل مدتی معاونت:** آمد پر، آپ کو ائیر پورٹ سے پک اپ، قلیل مدتی رہائش، طبی معاونت، آگے کی نقل و حمل، خاندان سے اتحادِ نو اور محدود مالی مدد کی صورت میں ابتدائی چند دن کے لیے فوری معاونت فراہم کی جا سکتی ہے۔

**طویل المیعاد معاونت:** ہم آہنگی کا منصوبہ 21 ماہ تک کی مدت کے لیے تیار کیا جا سکتا ہے۔ میزبان ملک میں آپ کا ملک واپسی اور ہم آہنگی کا مشیر اور آپ کے آبائی ملک میں ہماری تنظیم آپ کے ساتھ بہترین اختیارات پر بات کرے گی اور آپ کے اپنے آبائی ملک میں واپس آنے کے بعد اس کی تکمیل سے اتفاق کرے گی۔ ہم آہنگی کی طویل المیعاد معاونت کی مثالوں میں درج ذیل شامل ہیں:

- طویل المیعاد رہائش اور متعلقہ اخراجات
- باقاعدہ طبی معاونت
- تعلیم (مکتبی تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت)
- لیبر مارکیٹ تک رسائی کے لیے ملازمت سے متعلق مشاورت اور معاونت
- ایک چھوٹا کاروبار قائم کرنے میں معاونت
- خاندان سے اتحادِ نو
- قانونی مشاورت اور انتظامی معاونت
- نفسیاتی سماجی معاونت

دونوں صورتوں میں، آپ کو ہم آہنگی کے مشیر کی جانب سے خصوصی معاونت فراہم کی جائے گی، جو آپ کے ہم آہنگی کے منصوبے کی نگرانی کرے گا اور آپ کو دیگر تنظیموں کے پاس بھیج کر بھی مدد کر سکتا ہے۔